Booklet Serial No.

دستخط نگران کار

# مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی

## پی ایچ ڈی (اسلامک اسٹڈیز) انٹرنس ٹسٹ ۔ 2021

## PhD (Islamic Studies) Entrance Test - 2021

## Question Paper Booklet کتابچۂ پرچۂ سوالات

وقت : دو گھنٹے

نمبرات : 100

Hall Ticket No.

OMR Serial No.

## اُمیدواروں کے لیے ہدایات

1. اوپر فراہم کی گئی جگہ پر امیدوار اپنا OMR اور ہال ٹکٹ نمبر لکھیں۔ اس کے علاوہ کتابچے میں کسی بھی صفحے پر ہال ٹکٹ نمبر، OMR نمبر یا اپنا نام نہ لکھیں۔
2. یہ پرچۂ سوالات کل 16 صفحات پر مشتمل ہے۔ آخر کا ایک صفحہ Rough Work کے لیے ہے۔ اگر اس کتابچے میں صفحات کم ہوں یا اس کی ترتیب میں کوئی غلطی ہو تو جوابات لکھنے سے پہلے ہی نگران کار سے اسے تبدیل کروالیں۔
3. اس کتابچے میں جملہ 100 معروضی سوالات ہیں۔ ہر سوال کے نیچے 4 متبادل (A) (B) (C) (D) جوابات دیے گئے ہیں۔ سوال کے صحیح جواب کا انتخاب کیجیے۔ پھر OMR جوابی بیاض میں اپنے منتخب کردہ جواب کے دائرے کو صرف Blue / Black Ballpoint Pen سے گہرا کیجیے۔
4. امیدوار کو نمبرات صرف OMR جوابی بیاض میں صحیح جواب دینے پر دیے جائیں گے۔ اگر اس کتابچے میں امیدوار نے جواب پر نشان لگایا ہو لیکن OMR میں دائرے کو گہرا نہ کیا ہو تو ایسی صورت میں امیدوار کو کوئی نمبر نہیں ملے گا۔
5. اگر ایک سے زیادہ دائروں کو گہرا کیا گیا ہو تو اُس سوال کے نمبر نہیں ملیں گے۔
6. غلط جواب پر کوئی Negative Marks نہیں ہے۔
7. انٹرنس ٹسٹ کے اختتام پر امیدوار کتابچہ پرچہء سوالات اپنے ساتھ لیجاسکتے ہیں۔

☆☆☆

## حصہ اول (Part A)

## Research Methodology

-1 تحقیقی مقالہ کی امتیازی خصوصیت ہے۔

(A) قطعیت ( Accuracy) (B) وضاحت (Clarity)

(C) یکسانیت (Consistency) (D) تینوں صحیح ہیں

-2 بنیادی تحقیق کو۔۔۔بھی کہا جاتا ہے۔

(A) اطلاقی تحقیق (B) عملی تحقیق

(C) خالص تحقیق (D) مذکورہ تینوں

-3 استشراقی تحقیقات میں قرآن کریم کا حوالہ دیتے وقت عام طور پر مغربی مصنفین آیات قرآنیہ کے نمبروں کے لئے۔۔۔۔کے قائم کردہ نمبروں کو استعمال کرتے ہیں۔

(A) جرمن اسکالر گستاو فلوگل (B) جرمن اسکالر انا میری شمل

(C) برطانوی اسکالر مارگریٹ (D) برطانوی اسکالر آربری

-4 قرآنی آیات کا حوالہ دینے کے لئے کون سا طریقہ رائج ہے۔

(A) سورۃ کا نام اور کولن کے نشان کے بعد پھر آیت نمبر (B) سورۃ کا نمبر اور کولن کے نشان کے بعد پھر آیت نمبر

(C) مذکورہ دونوں صحیح ہیں (D) دونوں غلط ہیں

-5 تحقیق کا پہلا مرحلہ ہوتا ہے۔

(A) مفروضہ کی چھان بین (B) عنوان کا انتخاب

(C) مواد جمع کرنا (D) بکھرے کاموں کو یکجا کرنا

-6 ایک محقق کی خصوصیت ہے۔

(A) غیر مدلل آرا کو اختیار کرنا (B) غیر متحمل ہونا

(C) غیر جانبدار اور انصاف پسند ہونا (D) تینوں صحیح ہیں

-7 ذیل میں سے کون ابتدائی ماخذ نہیں ہے۔

(A) مشاہدہ (B) عدالتی ریکارڈس

(C) سروے (D) عمومی انسائیکلوپیڈیا

-8 تحقیق کا مقصد ہوتا ہے۔

(A) کسی حقیقت کو نمایاں کرنا
(B) کسی نئی دریافت تک رسائی حاصل کرنا
(C) کسی غلط نظریے کی تصحیح کرنا
(D) تینوں صحیح ہیں

-9 بیانیہ تحقیق کسے کہتے ہیں۔

(A) اس تحقیق میں کسی چیز کی حقیقت حال کو بیان کیا جاتا ہے
(B) اس تحقیق میں دو طرح کے اسالیب کے درمیان موازنہ کیا جاتا ہے
(C) A &B دونوں صحیح ہیں
(D) ان میں سے کوئی صحیح نہیں ہے۔

-10 مقید سوال نامے کی خصوصیت یہ ہے کہ

(A) اس میں اظہار رائے کی آزادی ہوتی ہے۔
(B) اس میں جواب دینا آسان ہوتا ہے۔
(C) اس میں محقق اس طرح سوال پوچھتا ہے کہ جواب دہندہ اپنے لفظوں میں جواب لکھ سکتا ہے۔
(D) تینوں صحیح ہیں۔

-11 مواد کی جمع آوری کے ۔۔۔۔۔۔ اہم ذرائع ہیں۔

(A) 3
(B) 6
(C) 10
(D) 20

-12 کسی مفروضے کی ضرورت نہیں ہوتی ہے۔

(A) اگر محقق کسی مکتبہ کے مخطوطات کی فہرست تیار کر رہا ہو
(B) کسی موضوع پر کتابیات مرتب کر رہا ہو
(C) اگر محقق کوئی اشاریہ بنا رہا ہو
(D) تینوں صحیح ہیں

-13 ISSN کا فل فارم ہے۔

(A) Internet Standard Serial Number
(B) International Serial Standard Number
(C) International Standard Serial Number
(D) ان میں سے کوئی نہیں

-14 ایک اچھے مفروضہ کی خصوصیت کیا ہے۔

(A) نظریاتی نقطہ نظر سے اس کی شکل وصورت واضح ہو
(B) مبہم ہو
(C) عمومی بات پر مبنی ہو
(D) غیر حقیقی اور غیر عملی ہو

-15 نظریاتی مباحث اور عقیدوں کی چھان بین کے لئے ۔۔۔۔۔۔ بہت موثر ذریعہ ہے۔

(A) اخبار کی رپورٹ
(B) انٹرویو
(C) مشاہدہ
(D) مذکورہ تینوں

16- کسی فوری اور عملی مسئلہ کو سمجھنے یا حل کرنے کے لئے شروع کی گئی تحقیق ہے۔

(A) معیاری تحقیق (Qualitative Research)
(B) مقداری تحقیق (Quantative Research)
(C) نظریاتی تحقیق ( Theoritical Research )
(D) عملی تحقیق ( Action Research)

17- تحقیق کے بنیادی عناصر میں شامل ہے۔

(A) مسئلہ تحقیق کی حدود کی شناخت
(B) جدت و تخلیق
(C) مصادر و مراجع کی دستیابی
(D) مذکورہ تمام

18- مندرجہ ذیل میں سے کون امکانی نمونہ کاری (Probability Sampling) ہے۔

(A) سادہ اتفاقی نمونہ کاری (Simple Random Sampling)
(B) سہولت کے لحاظ سے نمونہ کاری (Convenience Sampling)
(C) کوٹا نمونہ کاری ( Quota Sampling)
(D) رضا کارانہ نمونہ کاری ( Volunteer Sampling )

19- ایک اچھے سوالنامے میں کون سی خصوصیات ہونی چاہیئے ۔

(1) ایک اچھا سوالنامہ تقابلی طور پر آسان اور مختصر ہونا چاہیئے ۔
(2) سوالنامہ میں ایسے سوال نہ پوچھے جائیں جو انتہائی انفرادی اور نجی نوعیت کے ہوں
(3) سوالنامے میں طویل سوال بنانے چاہیئے
(4) سوال ایسے بنائیں جو جواب دہندہ کو آسانی سے سمجھ میں آجائیں

(A) (1) ' (2) اور (3 )
(B) (1) '(2) اور (4)
(C) (1) '(2)' (3)اور (4)
(D) (3) اور (4)

20- تحقیقی مقالہ کے لئے ایک بنیادی تعمیری ڈھانچے (Blue Print) کی حیثیت رکھتا ہے۔

(A) تحقیقی مواد کا حصول
(B) تحقیق کا طریقہ
(C) تحقیق کا خاکہ
(D) مسئلہ تحقیق کی شناخت

21- کس قسم کی تحقیق میں محقق کسی واقعہ کے متعلق دستیاب مواد کا تجزیہ کرتا ہے اور واقعہ کی وجوہات اور اثرات جاننے کی کوشش کرتا ہے۔

(A) تعرفی تحقیق (Defination Research)
(B) تجزیاتی تحقیق (Analytical Research)
(C) تقابلی تحقیق (Comparative Research)
(D) بیانیہ تحقیق (Descriptive Research)

22- اطلاقی تحقیق کا مقصد کیا ہوتا ہے۔

(A) سماجی مسائل کے عملی حل کو تلاش کرنا (B) علم کی توسیع کرنا

(C) نظریہ کو فروغ دینا (D) مواد جمع کرنا

23- (Analytical Research) دو مختلف متغیرہ (Variables) کے درمیان تعلق کو قائم کرتا ہے۔

(A) تحقیقی مسئلہ کی شناخت (B) مشاہدہ

(C) مفروضہ (D) ان میں سے کوئی نہیں

24- ان میں سے کون صحیح ہے۔

(1) تاریخی تحقیق عموما بیانیہ ہوتی ہے

(2) اگر کسی مسئلہ کی کیفیت کو جاننا تحقیق کا مقصد ہو تو وہاں شماریاتی تحقیق کا استعمال بہت مناسب ہے۔

(3) تحقیق کے تاریخی طریقہ میں پوری تحقیق محقق کی سمجھ اور دوراندیشی پر منحصر ہے۔اس میں غیر شعوری طور سے جانب داری یا انفرادی تعصب کا خدشہ نہیں ہوتا ہے۔

(4) تحقیق کے شماریاتی طریقہ میں اعداد و شمار کے ذریعہ تحقیق کے کام کو انجام دیا جاتا ہے۔

(A) (1) ' (2) اور (4) (B) (2) اور (3)

(C) (3) اور (4) (D) (1) اور (4)

25- مشہور طبیب ابن النفیس کا تعلق کس دور حکومت سے ہے۔

(A) فاطمی دور (B) اغلبی دور

(C) مملوک دور (D) ایوبی دور

26- جنگ انگورہ کن دو کے درمیان ہوئی۔

(A) تیمور۔بایزید اول (B) اسمٰعیل صفوی۔آورخان

(C) تیمور۔مراد ثانی (D) تیمور۔محمد اول

27- اسلامی تاریخ میں پہلی مرتبہ رصدگاہ کس کے دور میں قائم ہوئی۔

(A) عبدالملک بن مروان (B) عبدالرحمٰن سوم

(C) مامون الرشید (D) سلیمان اعظم

28- سب سے زیادہ مسلمانوں کی آبادی کس ملک میں ہے۔

(A) سعودی عرب (B) ہندوستان

(C) ترکی (D) انڈونیشیا

29- کتاب الملل والنحل کے مصنف کون ہیں۔

(A) ابن سینا (B) ابن عربی

(C) محمد بن عبدالکریم شہرستانی (D) محمد بن عمر واقدی

30- جنگ داحس وغبرا کن کے درمیان ہوئی۔

(A) قیس وقضاعہ (B) بنوبکر وبنوتغلب

(C) بنی عبس وبنی ذبیان (D) اوس وخزرج

31- کتاب المناظر کس کی تصنیف ہے۔

(A) ابن سینا (B) ابن الہیثم

(C) ابن رشد (D) ابن النفیس

32- غیلان دمشقی کا تعلق کس فرقہ سے تھا۔

(A) قدریہ (B) جبریہ

(C) اسماعیلی (D) مہدویہ

33- کتاب 'مقالات الاسلامیین' کس کی تصنیف ہے۔

(A) امام غزالی (B) امام ابومنصور ماتریدی

(C) امام فخرالدین رازی (D) امام ابوالحسن اشعری

34- فیلسوف العرب کس کا لقب ہے۔

(A) ابونصر فارابی (B) یعقوب بن اسحاق الکندی

(C) ابن سینا (D) ابن رشد

35- ابونصر فارابی کا تعلق کس حکمراں کے دربار سے تھا۔

(A) المعزلدین اللہ (B) ملک شاہ

(C) سیف الدولہ (D) الپ ارسلان

36- ابوبکر بن ابی شیبہ کی کتاب کا نام کیا ہے۔

(A) الصحیفۃ الصادقہ (B) الصحیفۃ الصحیحۃ

(C) السنہ (D) المصنف

37- اصول حدیث کی اصطلاح میں اس حدیث کو کیا کہتے ہیں جس کی سند کے سلسلے سے لگا تار دو راوی چھوڑ دیئے گئے ہوں۔

(A) مسند (B) متصل

(C) معضل (D) مرسل

38- امام ابوعبدالرحمٰن نسائی کا پورا نام کیا ہے۔

(A) احمد بن شعیب (B) سلیمان بن اشعث

(C) محمد بن سورہ (D) مسلم بن حجاج

39- ان میں سے درست تاریخی ترتیب کون ہے۔

(A) امام حسن صغانی، ابوجعفر دیبلی، شیخ علی متقی، شیخ محمد اسماعیل لاہوری، شاہ ولی اللہ دہلوی

(B) ابوجعفر دیبلی، شیخ محمد اسماعیل لاہوری، امام حسن صغانی، شیخ علی متقی، شاہ ولی اللہ دہلوی

(C) شیخ محمد اسماعیل لاہوری، امام حسن صغانی، ابوجعفر دیبلی، شاہ ولی اللہ دہلوی، شیخ علی متقی

(D) شیخ علی متقی، ابوجعفر دیبلی، امام حسن صغانی، شیخ محمد اسماعیل لاہوری، شاہ ولی اللہ دہلوی

40- شیخ الاشراق کے نام سے معروف ہیں۔

(A) شیخ محی الدین ابن عربی (B) محمد بن ابراہیم

(C) ملا ہادی سبزواری (D) شہاب الدین یحیٰ سہروردی

41- ان میں بے جوڑ کون ہے۔

(A) البتانی۔فلکیات (B) اصطخری۔جغرافیہ

(C) عبدالرحمٰن صوفی۔طب (D) ابن خلکان۔تاریخ

42- ان میں سے کون منشی سجان رائے بٹالوی کی تصنیف ہے۔

(A) تذکرۃ الکاملین (B) بدائع وقائع

(C) خلاصۃ التواریخ (D) لب التواریخ

43- شرقی حکومت کا آخری حکمراں کون تھا۔

(A) مبارک شاہ (B) حسین شاہ

(C) ابراہیم شاہ (D) ان میں سے کوئی نہیں

44- چوسا کی جنگ کن کے درمیان ہوئی۔

(A) ابراہیم لودھی۔ بابر (B) اسمٰعیل صفوی ۔ سلیم اول

(C) ہیمو۔ اکبر (D) شیر شاہ سوری ۔ ہمایوں

45- آصف جاہی ریاست کی بنیاد کس نے ڈالی۔

(A) میر قمرالدین (B) میر نظام علی خان

(C) مرشد قلی خان (D) شجاع الملک

46- پیر محمد کرم شاہ ازہری کی تفسیر کا نام کیا ہے۔

(A) خزائن العرفان (B) موضح القرآن

(C) مواہب الرحمٰن (D) ضیاء القرآن

47- ان میں سے کون سی تفسیر فقہی منہج کی ہے۔

(A) الکشاف (B) الجامع لاحکام القرآن

(C) التفسیر البسیط (D) البحر المحیط

48- ان میں سے کون صحیح بخاری کی شرح نہیں ہے۔

(A) التمہید (B) اعلام السنن

(C) عمدۃ القاری (D) فیض الباری

49- فقہ کے مصدر قیاس کے ارکان کتنے ہیں۔

(A) چھ (B) آٹھ

(C) چار (D) دس

50- ابن عبدالبر قرطبی کا شمار کس دبستان فقہ کے مشہور فقیہ میں ہوتا ہے۔

(A) حنبلی (B) مالکی

(C) شافعی (D) حنفی

## (Part- B) حصہ دوم

-51 وحدۃ الشہود کا نظریہ کس نے پیش کیا۔

(A) خواجہ باقی باللہ (B) خواجہ نظام الدین اولیا

(C) شیخ احمد سرہندی (D) شیخ ابن عربی

-52 فتاویٰ تاتارخانیہ کس عہد میں لکھی گئی۔

(A) دہلی سلطنت (B) مغلیہ حکومت

(C) غوری سلطنت (D) ان میں سے کوئی نہیں

-53 ادارۃ المباحث الفقہیۃ کا قیام کس سن عیسوی میں ہوا۔

(A) 1980 (B) 1970

(C) 1950 (D) 1990

-54 حارث بن اسد محاسبی کی کتاب ہے۔

(A) الرعایۃ لحقوق اللہ (B) حلیۃ الاولیا

(C) عوارف المعارف (D) الرسالۃ القشیریہ

-55 ذوالنون مصری کا اصل نام ہے۔

(A) طیفور بن عیسیٰ (B) محمد بن علی

(C) عمر بن محمد (D) ثوبان بن ابراہیم

-56 خواجہ قطب الدین بختیار کاکی کے مرشد کا نام ہے۔

(A) شیخ شہاب الدین سہروردی (B) خواجہ معین الدین چشتی

(C) خواجہ نظام الدین اولیا (D) خواجہ باقی باللہ

-57 سید محمد غوث گوالیاری کا تعلق تصوف کے کس سلسلہ سے تھا۔

(A) سلسلہ فردوسیہ (B) سلسلہ رفاعیہ

(C) سلسلہ شاذلیہ (D) سلسلہ شطاریہ

58- ابراہیم بن محمد حلبی نے اپنی کتاب 'ملتقی الابحر' کس عہد میں لکھی۔

(A) فاطمی (B) سلجوقی

(C) ایوبی (D) عثمانی

59- فارسی زبان میں تصوف پر لکھی جانے والی پہلی کتاب ہے۔

(A) فتوح الغیب (B) کشف المحجوب

(C) عوارف المعارف (D) فتوحات مکیہ

60- شاہ ولی اللہ دہلوی نے کس زبان میں قرآن کا ترجمہ کیا۔

(A) اردو (B) عربی

(C) ترکی (D) فارسی

61- حضرت نظام الدین اولیا کی جائے پیدائش ہے۔

(A) مرادآباد (B) دہلی

(C) بدایوں (D) اجمیر

62- تصوف کے سلسلہ نقشبندیہ کے بانی کون ہیں۔

(A) خواجہ محمد بن محمد بہاء الدین (B) شیخ بہاءالدین زکریا

(C) شیخ شہاب الدین (D) خواجہ فریدالدین گنج شکر

63- ذیل میں سے کون سا بیان درست نہیں ہے۔

(A) میر سید علی ہمدانی نے 'ذخیرۃ الملوک' کے نام سے ایک کتاب لکھی، جس میں مسلم حکمرانوں کے لئے ہدایات ہیں۔

(B) سید محمد اشرف جہانگیر کی تعلیمات 'لطائف اشرفی' میں بہت تفصیل سے مذکور ہیں۔

(C) شیخ احمد سرہندی کے خطوط کا مجموعہ 'مکتوبات صدی' کے نام سے مشہور ہے۔

(D) حاجی امداداللہ مہاجر مکی نے 'ضیاء القلوب' تصنیف کی۔

64- نظام الدین اولیاء کے ملفوظات کا مجموعہ 'فوائد الفواد' کو کس نے مرتب کیا۔

(A) نصیرالدین چراغ دہلوی (B) ضیاءالدین برنی

(C) امیر خسرو (D) امیر حسن علاء سجزی

-65 اغلبی حکومت کا پایہ تخت کہاں واقع تھا۔

(A) قاہرہ (B) قیروان

(C) دمشق (D) سمرقند

-66 ابوالمسک کافور کا تعلق کس حکومت سے تھا۔

(A) اخشیدی (B) سامانی

(C) اغلبی (D) مملوک

-67 کس دورِ حکومت میں قاہرہ کی بنیاد پڑی۔

(A) ایوبی (B) اموی

(C) مملوک (D) فاطمی

-68 ذیل میں سے کون سا بیان درست نہیں ہے۔

(A) حکومت طولونیہ کا بانی احمد بن طولون ایک ترکی غلام زادہ تھا۔

(B) اغلبی حکومت کو ختم کر کے محمد اخشید بن طغج نے اخشیدی حکومت قائم کی۔

(C) سلطان جلال الدین ملک شاہ کے نام سے عمر خیام نے ایک کلینڈر 'تقویم جلالی' تیار کیا

(D) سلطان جلال الدین ملک شاہ کا تعلق سلجوقی حکومت سے ہے۔

-69 صفاری سلطنت کا بانی کون ہے۔

(A) یعقوب بن لیث (B) طاہر بن حسین

(C) عبداللہ بن طاہر (D) اسمعیل بن احمد

-70 مشہور حکمراں یوسف بن تاشفین کا تعلق کس حکومت سے تھا۔

(A) ایوبی (B) موحدین

(C) مملوک (D) مرابطین

-71 مصر کی مملوک حکومت کا عہد کیا ہے۔

(A) 1206- 1526 (B) 1250 - 1350

(C) 1250 - 1517 (D) 1308 - 1502

72- بدایۃ المجتھد ونہایۃ المقتصد کس فن کی کتاب ہے۔

(A) تصوف (B) تاریخ

(C) حدیث (D) فقہ

73- حقوق انسانی کا اسلامی منشور کسے کہا جاتا ہے؟

(A) صلح حدیبیہ (B) خطبہ حجۃ الوداع

(C) میثاق مدینہ (D) ان میں سے کوئی نہیں

74- کتاب الاغانی کا مصنف کون ہے۔

(A) ابوفراس (B) ابن عبدربہ

(C) ابوالفرج اصفہانی (D) صلاح الدین الصفدی

75- 'معاہدہ گلستان' کن ممالک کے درمیان ہوا تھا۔

(A) ترکی اور ایران (B) روس اور ایران

(C) روس اور ترکی (D) ترکی اور برطانیہ

76- قاچاری حکومت کا بانی کون ہے۔

(A) رضا خان (B) محمد رضا شاہ

(C) فتح علی شاہ (D) آغا محمد خاں

77- مراکش کا دارالحکومت کس شہر میں واقع ہے۔

(A) تیونس (B) رباط

(C) فاس (D) ان میں سے کوئی نہیں

78- اوسلو معاہدہ (اول) کس سن عیسوی میں ہوا۔

(A) 1993 (B) 1985

(C) 1980 (D) 1999

79- جنگ نہاوند کس خلیفہ کے دور میں ہوئی؟

(A) حضرت عثمان غنی (B) حضرت ابوبکر صدیق

(C) حضرت عمر فاروق (D) حضرت علی

80- البدایہ والنہایہ کتاب کس موضوع سے متعلق ہے۔

(A)فقہ (B) تاریخ

(C) اصول حدیث (D)طب

81- ہندوستان میں مغلیہ حکومت کس سن عیسوی میں قائم ہوئی ؟

1501 (A) 1545 (B)

1526 (C) 1600 (D)

82- عبدالرحمان کواکبی کا تعلق کس شہر سے تھا۔

(A) حلب (B) کوفہ

(C) انقرہ (D) مکہ

83- جہاں سوز کسے کہا جاتا ہے۔

(A) محمود غزنوی (B) علاءالدین حسین

(C) الپ ارسلان (D) ارطغرل

84- حکمراں نصر بن احمد کا تعلق کس حکومت سے تھا؟۔

(A) اغلبی (B) فاطمی

(C) سامانی (D) ایوبی

85- فاطمی حکومت کا قیام کس سن عیسوی میں ہوا؟۔

(A) 909ء (B) 750ء

(C) 808ء (D) 990ء

86- تنظیم ''نیشن آف اسلام'' کا تعلق کس ملک سے ہے؟۔

(A)جرمنی (B) انڈونیشا

(C) امریکہ (D)برطانیہ

87- مہدوی تحریک سوڈان کے بانی کون ہیں؟۔

(A) محمد بن علی (B) محمد بن عبدالوہاب

(C) محمد احمد بن عبداللہ (D) ان میں سے کوئی نہیں

88- امام ابن حزم کا تعلق کس فقہی مسلک سے ہے؟۔

(A) جعفری (B) اوزاعی

(C) زیدی (D) ظاہری

89- سلسلہ رفاعیہ کے بانی کون ہیں؟

(A) سید احمد کبیر ابوالعباس محی الدین بن علی (B) شیخ بہاء الدین محمد بن محمد

(C) ضیاء الدین ابونجیب عبدالقاہر (D) نجم الدین کبری

90- آرگنائزیشن آف اسلامک کانفرنس (OIC) کا صدر دفتر کس ملک میں واقع ہے؟۔

(A) مصر (B) انڈونیشا

(C) قطر (D) سعودی عرب

91- ان میں سے کس حکمراں کا تعلق فاطمی حکومت سے ہے؟۔

(A) ہارون رشید (B) العزیز باللہ

(C) ملک ظاہر بیبرس (D) سلیم اول

92- حکمراں منصور قلاؤن کا تعلق کس حکومت سے ہے؟ ۔

(A) برجی مملوک حکومت (B) بحری مملوک حکومت

(C) فاطمی حکومت (D) اغلبی حکومت

93- سامرا شہر کس عہد میں آباد کیا گیا؟ ۔

(A) مملوک عہد (B) فاطمی عہد

(C) عباسی عہد (D) اموی عہد

94- آل انڈیا محمڈن ایجوکیشنل کانفرنس کا قیام کس سن عیسوی میں ہوا۔

(A) 1881 (B) 1886

(C) 1875 (D) 1894

95- اسلامی دنیا کا مشہور سیاح ابن بطوطہ کس کے زمانے میں ہندوستان آیا۔

(A) سلطان التمش (B) سلطان بلبن

(C) سلطان محمد بن تغلق (D) سلطان شہاب الدین غوری

96- عثمانی سلطنت میں نیلی مسجد کے نام سے کون مشہور ہے۔

(A) جامع فاتح (B) مسجد ابوایوب

(C) مسجد سلطان احمد (D) مسجد سلیمیہ

97- ان میں بے جوڑ کون ہے۔

(A) سرسید۔اسباب بغاوت ہند (B) شاہ ولی اللہ۔نظریہ ارتفاقات

(C) شبلی نعمانی۔الکلام (D) ابوالکلام آزاد۔آثار الصنادید

98- ان میں درست تاریخی ترتیب کون ہے۔

(A) جمال الدین افغانی،علی شریعتی ،محمد رشید رضا،شکیب ارسلان

(B) علی شریعتی ، جمال الدین افغانی،محمد رشید رضا،شکیب ارسلان

(C) جمال الدین افغانی،محمد رشید رضا،شکیب ارسلان ،علی شریعتی

(D) علی شریعتی، شکیب ارسلان ، جمال الدین افغانی،محمد رشید رضا

99- مولانا ابواللیث اصلاحی ندوی کا تعلق کس سے تھا۔

(A) جماعت اسلامی ہند (B) مرکزی جمعیۃ اہل حدیث

(C) سنی بریلوی جماعت (D) تبلیغی جماعت

100- ان میں سے کس کا تعلق ورلڈ اسلامک مشن سے ہے؟۔

(A) پروفیسر خورشید احمد (B) مولانا شاہ احمد نورانی

(C) ڈاکٹر طہ جابر العلوانی (D) ان میں سے کوئی نہیں

***

Rough Work